نمبر ۴۴ جلد ۴۱

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مجریہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الثانی ۱۳۴۸ھ مطابق ۴ نومبر ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت ترسیل سمن متعلق اضلاع گورنمنٹ۔	۱
۲	منظوری داخل خارج بابت ٹھیکہ گمرم۔	۲
۳	منظوری ٹھیکہ گوشت بز	۲
۴	ایضاً برف۔	۲
۵	دخل خارج ٹھیکہ برف۔	۲
۶	منظوری گارڈ انگلش مڈل و ہائی اسکول۔	۲و۳
۷	رخصت منشی محمد علی خان اہلمد۔	۳
۸	ترسیمات مدرسان مدارس۔	
۹	رخصت اہلکاران۔	
۱۰	نقشہ حالات بارش	ضمیمہ

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۶ اکتوبر ۱۹۲۹ء

پیشتر عدالتہائے دیوانی ریاست کے سمن اضلاع گورنمنٹ کو بتوسط صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر بریلی بھیجے جاتے تھے اس وجہ سے سوائے ضلع بریلی دیگر اضلاع کے سمنوں کے طلبانہ کے ساتھ دو مرتبہ کی ڈاک فیس آتا تھا۔ اب یہ طے ہو گیا ہے کہ عدالتہائے دیوانی ریاست کے سمن متعلق اضلاع صوبہ آگرہ یکم اکتوبر ۱۹۲۹ء سے براہ راست صاحب جج ضلع متعلقہ کے پاس تعمیل کے لئے بھیجے جائیں اس لئے ایسے سمنوں کے طلبانہ کے ساتھ صرف ایک ہی مرتبہ کا منی آرڈر کمیشن آنا چاہئے۔ علاوہ صوبہ آگرہ اگر کسی دوسرے صوبہ کے کسی مقام کے لئے سمن جاری کئے جائیں تو دوہرا منی آرڈر کمیشن بھیجا جائے۔ چونکہ جملہ عدالتہائے دیوانی ریاست کو اسکی اطلاع ہونا ضروری ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع و اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔ اصل شامل مثل رہے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم اجراء احکام حسب ضابطہ جملہ عدالتہائے دیوانی صدر و مفصلات کو کئے جائیں۔ اور ایک نقل بنابر درج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اور ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپاں ہو

۲۳ اکتوبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ٹھیکہ گندم

۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری و اخراج ٹھیکہ گندم مصارف کارخانہ جات ذیل از نام پیارے لال ولد منشی و اجراء باسم رتن لال ولد پیارے لال بوجہ فوتی پیارے لال بتاریخ ۵ اگست ۱۹۲۹ء۔

حکم

بموجب رپورٹ و اخراج ٹھیکہ بنام رتن لال منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
احکام ضابطہ جاری ہو کر داخل دفتر ہو۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نام کارخانہ	نام جنس	تعداد وزن	نرخ وزن
محتاج خانہ	گندم	[illegible]	
فیلخانہ	"	[illegible]	[illegible]
جیم خانہ	"	[illegible]	[illegible]
بازدار خانہ	"	[illegible]	[illegible]
گاؤ خانہ	"	[illegible]	[illegible]
اصطبل	"	۲۰ من	[illegible]

ٹھیکہ گوشت بز

۱۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت بز مصارف باورچیخانہ جات خاصہ بنرخ مبلغ چوبیس روپیہ فی من ابتدا یکم ۱۹۲۹ء لغایت اپریل ۱۹۳۰ء بنام منا ولد منے و محمد جان ولد محمد و منن ولد گھاسی و علی حسین ولد خدابخش بز قصابان بشرائط سابقہ

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ گوشت بز مصارف باورچیخانہ جات خاصہ برائے یکسال بنرخ مبلغ چوبیس روپیہ فی من منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
احکام ضابطہ جاری ہو کر داخل دفتر ہو۔ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

ٹھیکہ برف

۲۷ مئی ۱۹۲۹ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ برف مصارف باورچیخانہ جات عام و مہمانان و آبدارخانہ عام بنرخ ایک روپیہ بارہ آنہ من بنام انوار الحق ولد احسان الحق من ابتداء ۲ جون ۱۹۲۹ء بشرائط سابقہ۔

حکم

ٹھیکہ برف مصارف مہمانان حسب صراحت رپورٹ بنرخ ایک روپیہ بارہ آنہ من بنام انوار الحق منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس بھیجے جائیں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

واخراج

۱۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مصدرہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری واخراج ٹھیکہ برف مصارف باورچیخانہ جات عام و مہمانان و آبدارخانہ عام از اسم انوار الحق بنام احسان الحق پدر انوار الحق بوجہ روانگی انوار الحق بمقام بمبئی۔

حکم

بموجب رپورٹ واخراج منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
احکام ضابطہ جاری ہو کر داخل دفتر ہو۔ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری گریڈ

۲۳ اکتوبر ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ۔ دونوں ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول کی تنخواہ کا گریڈ ابتدائی ۳۰ پانچ روپیہ سالانہ اضافہ ۴۰ آخری تنخواہ منظور کیا جاتا ہے۔ موجودہ دونوں ڈرائنگ ماسٹر بالفعل اپنی موجودہ تنخواہ پائینگے۔ اضافہ گریڈ کی سالانہ تاریخ کا شمار حکم منظوری گریڈ سے ہوگا۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جو عرض   میر سادہ

جناب عالی

سید حسن جعفر تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار۔ اور ماسٹر محمد احمد تنخواہ دار پچاس روپیہ ماہوار دو ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول میں ہیں۔ اور دونوں اُس کو قابلیت کے ہیں جو ہائی اسکول کی ملازمت کے لئے منظور شدہ ہیں۔ دونوں ڈرائنگ ماسٹروں کی درخواست اور ہیڈ ماسٹر صاحب کی سفارش چند بار آئی ہے کہ انکی تنخواہ ہونکا بھی گریڈ مقرر کیا جائے۔ گورنمنٹ کے سر رشتہ تعلیم میں ڈرائنگ ماسٹر کی تنخواہ کا گریڈ پچاس روپیہ اضافہ پانچ روپیہ سالانہ ایک سو پچاس تک ہے۔ ریاست کے ہائی اسکول کے ڈرائنگ ماسٹروں کی تنخواہ کا گریڈ پچاس روپیہ ابتدائی تنخواہ پانچ روپیہ سالانہ اضافہ ایک سو روپیہ انتہائی تنخواہ مقرر ہونا بدانست نزفدوی مناسب ہے۔ لیکن موجودہ دونوں ڈرائنگ ماسٹر بالفعل اپنی موجودہ تنخواہ پائینگے۔ اور اضافہ گریڈ کی سالانہ تاریخ کا شمار حکم منظوری گریڈ سے ہوگا۔ لہذا عرضداشت مع کاغذات متعلقہ باُمید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر۔

رخصت

۲۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثل عرضی منشی محمد علیخان ناظم اجلاس دربارہ منظوری رخصت مزید سات یوم بوجہ بقائے علالت۔

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے علالت سات یوم کی مزید رخصت ارمنظور کیجاتی ہے۔ اہلمد آمد صدر بدستور کام کرے۔ ناظر اجلاس مطلع ہوں۔ اور بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر۔

توسیع معیاد

۲۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مدرسان تحت کی ملازمت غیر مستقل میں کم نومبر ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل ۱۹۳۰ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

احمد شاہ خان مدرس اول مدرسہ پل پختہ۔ عبد الرحیم خان مدرس اول مدرسہ گھیر طوفان خان محمد ضیا خان انگلش ٹیچر مدرسہ نالہ پار۔ اشرف علیخان مدرس مدرسہ چمروہ بگہ حضور تحصیل امیر دولہ مدرس مدرسہ قزلباغ حضور تحصیل۔ عزت حسین مدرس مدرسہ کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل محمد حسین مدرس مدرسہ بہٹ پور تحصیل بلاسپور۔ حیدر علی مدرس مدرسہ بن پورہ تحصیل بلاسپور حسن رضا خان مدرس مدرسہ دہاوتی بزرگ تحصیل بلاسپور۔ محمد حسین مدرس مدرسہ دولی حسن پور تحصیل بلاسپور منور علی مدرس مدرسہ صنوس تحصیل بلاسپور۔ چھیدا لال انگلش ٹیچر مدرسہ ملک خاص۔ محمد ولی خان مدرس اول مدرسہ ملک خاص۔ سعادت نور خان مدرس مدرسہ بھونڈی تحصیل شاہ آباد اشتیاق حسین مدرس مدرسہ چنوٹی تحصیل شاہ آباد۔ نور زین انگلش ٹیچر مدرسہ سوار۔ محبت شاہ مدرس مدرسہ حکیم گنج تحصیل سوار۔ سید احمد مدرس مدرسہ نانکار تحصیل سوار۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

رخصت

۲۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثل تحریر ایگزیکٹیو انجنیر صاحب انہار دربارہ منظوری رخصت رجوع کیا۔ سید دلاور عباس اہلمد فوجداری محکمہ انہار میں ابتدا ۱۵ نومبر سنہ حال بوجہ علالت اہلیہ ایشان۔

حکم

حسب سفارش ایگزیکٹیو انجنیر صاحب انہار ایک ماہ کی رخصت منظور ہو۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ صدر سے نہیں آیا

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							
گوڑ خالص							
گوڑ کس آمیز							
چنہ							
ماش							
مونگ							
مکا							
جئی							
گوجئی							
عدس							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجد							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ششماہی من ابتدائے اپریل سنہ ۱۹۲۹ء لغایتہ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۲۵	۴۸	۱۲۶	۴۴	۳۹۳	۳۰۱	۹۲	۲۳۲	۱۸۸	۲۵	۳۲	۱۲۳	۱۴۷	۳۸۰	۳۲۶	۶۰۹	۱۳۸	۹۳	۲۳۳	۰	۳۱۹	۰	۰	۰	۷۰۶	
گنج	۱۵۸	۱۸	۹۵	۹	۲۸۰	۲۵۳	۲۶	۲۵۲	۲۰۰	۱۵	۲۴	۹۴	۱۱۴	۳۶۱	۳۳۸	۶۴۵	۵۴	۵۵	۳۰۱	۳۴۱	۲	۰	۰	۰	۶۹۹	
[illegible]	۱۰۰	۸۴	۵۱	۴۶	۲۳۱	۱۵۱	۱۵۰	۲۳	۳۰	۱۱	۳	۵۵	۵۷	۱۲۰	۸۲	۱۲۹	۸۶	۰	۰	۲۱۴	۱	۱	۰	۰	۲۱۶	
عظیم نگر	۸۰	۳۷	۴۱	۳۹	۱۸۶	۱۱۱	۱۶	۵۲	۳۱	۱۴	۷	۷۲	۶۶	۱۴۰	۱۱۵	۱۶۰	۹۵	۹۱	۳	۰	۱۶۰	۰	۰	۰	۲۵۵	
شاہ آباد	۴۲	۲۳۹	۴۸	۱۹۶	۳۵۸	۱۲۲	۲۳۱	۵۹	۵۳	۳۲	۲۲	۸۱	۷۹	۱۶۷	۱۵۴	۹۸	۲۲۳	۳	۷	۰	۳۰۲	۲	۸	۰	۳۲۱	
[illegible]	۴۵	۱۵۵	۲۲	۱۲۶	۳۵۰	۹۹	۲۸۱	۹۸	۴۸	۱۸	۸	۵۲	۹۲	۱۲۸	۱۱۸	۳۷	۴۹	۰	۲۲	۱۹۸	۰	۵	۰	۰	۲۴۶	
ملک	۵۲	۳۴۷	۵۱	۲۶۸	۷۱۸	۱۰۳	۹۱۵	۱۹۱	۱۵۱	۱۳	۱۱	۱۹۷	۱۸۴	۴۰۱	۳۲۲	۱۱۳	۷۱۶	۰	۲	۳۹۱	۳۴۴	۱۶	۰	۰	۴۴۴	
بلاسپور	۵۲	۵۰	۴۶	۴۹	۲۰۷	۱۰۸	۹۹	۵۱	۵۶	۱۴	۱۰	۱۰۷	۱۲۵	۲۳۶	۱۹۷	۲۷۳	۱۵۵	۲۲	۰	۳۹۸	۰	۷	۱	-	۴۲۸	
کیمری	۴۴	۱۰۵	۳۱	۷۳	۲۵۳	۷۵	۱۷۸	۵۶	۳۱	۱۲	۷	۸۳	۹۸	۱۵۱	۱۰۶	۸۵	۱۴۲	۱۳	۲۰	۲۱۶	۰	۸	۰	۰	۲۵۷	
سوار	۵۵	۱۸	۲۶	۱۶	۱۱۶	۵۱	۴۵	۴۱	۱۳	۶	۲	۱۰۹	۹۳	۱۵۷	۸۲	۱۳۰	۱۰۹	۰	۰	۰	۲۲۴	۶	۱	۰	۲۳۹	
ٹانڈہ	۱۰۳	۶۹	۹۳	۵۹	۳۳۳	۱۹۲	۱۴۸	۵۶	۴۱	۸	۸	۱۰۵	۶۶	۱۱۶	۱۲۶	۱۶۷	۱۲۰	۱۳	۰	۰	۲۸۰	۰	۳	۰	۲۹۲	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۹	۱۲	۰	[illegible]	